Department of
Education
Chancellor Richard A. Carranza

5 ستمبر، 2019

عزیزی اہلِ خانہ،

اسکول کا پہلا دن مبارک ہو، اور واپسی پر خوش آمدید! مجھے امید ہے کہ تعلیمی سال 2019-2020 کے آغاز پر آپ بھی اتنے ہی پُرجوش ہیں جتنا کہ میں ہوں۔

یہ نیویارک شہر پبلک اسکول میں ایک طالب علم ہونے کا بہترین وقت ہے۔ ہمارے بہت سے طلبا اور اسکول ہمیشہ سے زیادہ بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں۔ ہماری سندیافتگی کی شرح ہمیشہ سے زیادہ ہے، اور زیادہ طلبا کالج میں کامیابی کے لیے مستعد سندیافتہ ہورہے ہیں۔ اور میں اس سال اپنے طلبا سے مزید عمدہ کارکردگی کی توقع رکھتا ہوں۔

ہمارے سب سے چھوٹے متعلم سے لے کر ہائی اسکول میں ہمارے سب سے بڑے متعلم تک، ہمارے بچے مفکرین، قائدین، تخلیق کاروں اور تبدیلی لانے والوں کی اگلی نسل ہیں۔ ہم ان میں سے ہر ایک کو اس راہ پر متحرک کرنے کے لیے مستعد ہیں۔

ہماری عہد بستگی مستحکم ہے ایک طالب علم کے خاندان کی آمدنی، نسل، مذہب، قومیت، معذوری، گھر میں بولی جانے والی زبان، جنسی رجحان، جنسی شناخت، یا انکی شناخت کے دیگر پہلوؤں سے قطع نظر۔ DOE میں ہر شخص یہ یقینی بنانے کے لیے محنت سے کام کررہا ہے کہ ہر طالب علم کو کڑی، ترغیبی، مصروفِ عمل کرنے والی، تقویتی تعلیم دستیاب ہو جس کے وہ مستحق ہیں۔

میں اسے بچوں کا لائحہ عمل کہتا ہوں— ہر روز اور ہر فیصلہ ہر طالب علم کو وہ فراہم کرنے کے بارے میں ہے جو انہیں کامیابی کے لیے درکار ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ کوئی دو طلبا، کلاس رومز، یا اسکول ایک جیسے نہیں ہوتے، اور ہر ایک کی خوبصورت اور یگانہ فطرت کو تسلیم کرتے ہیں۔

ساتھ ہی، ہم اپنے طلبا اور خاندانوں کو قوی اعانت فراہم کررہے ہیں، زیادہ استقبالیہ ماحول والے اسکول تشکیل دے رہے ہیں، اور سب کے لیے ایک کڑے نصاب کو یقینی بنا رہے ہیں۔ شہر بھر کے طلبا معاشی - جذباتی تدریس، بحالی انصاف کے طریقِ کار، اور ثقافتی طور پر موافق نصاب سے مستفید ہونگے جو اس کی عکاسی کرتا ہے جو وہ ہیں۔

مساوات کو فی زمانہ فروغ دینے کا یہی مطلب ہے۔

محکمۂ تعلیم میں ہم سب امید کرتے ہیں کہ آج آپ کو جو نظر آرہا ہے آپ اسے پسند کریں گے، اور آپ کے لیے ایک کامیاب تعلیمی سال کی تمنا کرتے ہیں۔

مخلص،

Richard A. Carranza
چانسلر